# DIRECTORS' REVIEW

The directors of your Company are pleased to present their review on the affairs of the Company for the first quarter ended September 30, 2018.

**Financial Results:**

During this quarter, the Company's net sale has decreased by 9.09% from Rs. 921.96 M to Rs. 838.19 M, gross profit by 11.13% from Rs. 101.24 M to Rs. 89.97 M, pretax profit by 23.57% from Rs. 52.86 M to Rs. 40.40 M and earnings per share from Rs. 1.74 (re-stated) to Rs. 1.36 as compared to the corresponding period of last financial year.

The Company produced 4,458 units of Auto Rickshaws during this period compared with 5,683 units of auto rickshaw produced during corresponding period of last year showing a decline of 21.56%.

The Company produced 17,209 tractor wheel rims during the current period compared with 25,445 wheel rims of corresponding period of last year showing a decrease of 32.37%.

Constant devaluation of Pak Rupee and consequent increase in selling prices of auto rickshaw have adversely affected the sales volume of Auto Rickshaws during the period under review. The reduction in booking of tractors specifically FIAT tractors has resulted in lower demand of tractor wheel rims.

**Future Outlook:**

Condition of income tax filer has been imposed on buyers of Auto Rickshaw through The Finance Supplementary (Amendment) Act, 2018 subsequent to the period under review. Your Company understands, this has been done inadvertently because FBR has already excluded the auto rickshaw from the application of condition of income tax filer vide its circular 03 of 2018. The Company is taking legal as well as administrative measures for the strike down of the said condition and expects a favorable outcome from these measures.

Moreover, the unstable economic conditions, rising inflationary trend and constant devaluation of Pak Rupee may adversely affect the revenue and profitability of the company subsequent to the period under review. The Company is monitoring the market situation closely and constantly taking remedial measures to improve the sales volume.

The directors would like to place on record their appreciation for the untiring efforts, teamwork and dedication shown by the company's employees during the period under review. They would also like to express their gratitude to the valued shareholders, customers, suppliers and financial institutions for their co-operation, constant support and trust on the Company.

For and on behalf of the Board

**Lahore**
Dated: 22-10-2018

**Mian Asad Hameed**
(Chief Executive)

**Saeed Iqbal Khan**
(Director)

## ڈائریکٹرز کا جائزہ

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹرز 30 ستمبر 2018 کو مکمل ہونے والی پہلی سہ ماہی کے لئے کمپنی کے معاملات پر بخوشی اپنا جائزہ پیش کرتے ہیں۔

### مالیاتی نتائج:

اس سہ ماہی میں کمپنی کی مجموعی فروخت 9.09 فی صد کمی کے ساتھ پچھلے مالیاتی سال کی سہ ماہی کے مقابلہ میں 921.96 ملین روپے سے کم ہوکر 838.19 ملین روپے ہو گئی ہے، مجموعی منافع 11.13 فی صد کمی سے 101.24 ملین روپے سے کم ہوکر 89.97 ملین روپے ہوگیا ہے، قبل از ٹیکس منافع 23.57 فی صد کمی سے 52.86 ملین روپے سے کم ہوکر 40.40 ملین روپے ہوگیا ہے اور آمدنی فی حصص 1.74(re-stated) روپے سے کم ہوکر 1.36 روپے ہوگئی ہے۔

کمپنی نے پچھلے سال کی سہ ماہی کی پیداوار 5,683 عدد کے مقابلہ میں 21.56 فی صد کمی کے ساتھ اس سہ ماہی میں 4,458 عدد رکشے بنائے۔

کمپنی نے پچھلے سال کی سہ ماہی کی پیداوار 25,445 عدد کے مقابلہ میں 32.37 فی صد کمی کے ساتھ اس سہ ماہی میں 17,209 عدد ٹریکٹر ویل رمز بنائے۔

موجودہ جائزہ کی مدت کے دوران پاکستانی روپے کی قدر میں کمی اور اس کے نتیجے میں آٹو رکشہ کی قیمت فروخت میں اضافہ کی وجہ سے، آٹو رکشہ کی فروخت کے حجم پر منفی اثر پڑا ہے ٹریکٹر کی بکنگ میں کمی خاص طور پر فیٹ ٹریکٹر کی بکنگ میں کمی کے نتیجے میں ٹریکٹر ویل رمز کی طلب میں کمی ہوئی ہے۔

### مستقبل پر نقطہ نظر:

جائزہ کی مدت کے بعد، فنانس ضمنی (ترمیمی) ایکٹ 2018 کے ذریعے آٹو رکشہ کے خریداروں پر انکم ٹیکس فائلرز کی شرط عائد کر دی گئی ہے۔ آپ کی کمپنی سمجھتی ہے یہ غیر ارادی طور پر کیا گیا ہے کیوں کہ پہلے ہی ایف بی آر نے سرکلر نمبر 03، 2018 کے تحت انکم ٹیکس فائلرز کی شرط سے آٹو رکشہ کو مستثناء کر دیا ہے۔ اس شرط کو ختم کرنے کے لئے کمپنی قانونی اور انتظامی اقدامات کر رہی ہے اور توقع رکھتی ہے کہ ان اقدامات سے اچھے نتائج حاصل ہوں گے۔

اس کے علاوہ غیر یقینی معاشی حالت، بڑھتے ہوئے افراط زر کا رجحان اور پاکستانی روپے کی قدر میں مسلسل کمی، جائزہ کی مدت کے بعد کمپنی کے ریونیو اور منافع پر برا اثر ڈال سکتی ہے۔ کمپنی مارکیٹ کا قریب نظری سے جائزہ لے رہی ہے اور فروخت حجم کو بہتر کرنے کے لئے مستقل طور پر خاطر خواہ اقدامات کر رہی ہے۔

ڈائریکٹرز کمپنی کے ملازمین کی انتھک کوششوں، ٹیم ورک اور لگن جس کا اظہار انہوں نے موجودہ عرصہ کے دوران کیا ہے، کے شکر گزار ہیں۔ وہ اپنے معزز حصص داران کاروباری شراکت دار اور مالی اداروں کے کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون کرنے پر بھی شکر گزار ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

| | | |
|---|---|---|
| لاہور | میاں اسد حمید | سعید اقبال خان |
| مورخہ 22 اکتوبر 2018 | چیف ایگزیکٹو | ڈائریکٹر |